تبصرے

اُردو نثر، سرسید کے زیر اثر (انگریزی) از ڈاکٹر سید محمد عبداللہ ایم۔ اے ڈی لٹ تقطیع ۲۲×۱۸/۸

ٹائپ جلی اور عمدہ۔ کاغذ دبیز اور سفید۔ ضخامت ۱۸۶ صفحات ڈسٹ کور نہایت خوبصورت قیمت

مجلد ہے۔ ملنے کا پتہ:۔ شیخ محمد اشرف صاحب تاجر کتب کشمیری بازار لاہور۔

اُردو لٹریچر نے سرسید کے زیر اثر جو ترقی کی۔ اس کے متعلق اُردو میں کافی کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ لیکن زیر تبصرہ کتاب بہ قول پروفیسر ڈاکٹر محمد اقبال کے اپنی خاص نوعیت کے لحاظ سے انگریزی میں پہلی کتاب ہے۔ اس کتاب کے بعض ضمنی مباحث پر ڈاکٹر سید عبداللطیف نے بھی اپنی کتاب (Influence of English Literature on Urdu Literatur) میں خامہ فرسائی کی ہے۔ لیکن ڈاکٹر عبداللہ شاہ نے جس متانت، اصابت رائے، اور تحقیق و تدقیق سے اس موضوع کا حق ادا کیا ہے وہ انھیں کا حصہ ہے۔ اس کتاب میں سرسید اور اُن کے رفقا کی خدمات ادب و زبان اور اُن کی خصوصیات تحریر، اور مختصر مختصر سوانح پر بے لاگ تبصرہ ہے۔ فاضل مصنف نے انگریزی ادب اور اُس کے فن تنقید کا کافی مطالعہ کیا ہے۔ چنانچہ زیر تبصرہ کتاب اُنھوں نے مغربی فن تنقید کے اصول کو عموماً اور واکر (Walker) کی کتاب (Literatur of the Victian Era) کو خصوصاً پیش نظر رکھ کر بڑے سلیقہ سے مرتب کی ہے۔ کتاب کا تعارف ڈاکٹر محمد اقبال پروفیسر پنجاب یونیورسٹی نے لکھا ہے۔ اس کے بعد مقدمہ ہے اور پھر پوری کتاب چھ ابواب پر تقسیم ہے۔ پہلے باب میں سرسید احمد خاں اور اُن کے کارناموں کا تذکرہ ہے۔ دوسرا باب دینیات اور دینی مصنفوں کے لئے ہے۔ تیسرے باب میں سوانح نویسی اور تاریخ